تنگی اور آسانی، نشاط اور سستی اور دوسروں کو تم پر ترجیح دیۓ جانۓ کی صورت میں بھی تم امیر کی بات سننا اور اس کی اطاعت کرنا اپنۓ اوپر لازم کرلوۓ

ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ اللہ کے رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا: ”تنگی اور آسانی، نشاط اور سستی اور دوسروں کو تم پر ترجیح دیۓ جانۓ کی صورت میں بھی تم امیر کی بات سننا اور اس کی اطاعت کرنا اپنۓ اوپر لازم کرلوۓ“

[صحیح] [اسۓ امام مسلم نۓ روایت کیا ہے]

اس حدیث میں اس بات کا بیان ہے کہ مسلمان پر ہر حال میں اپنۓ حاکموں کو سن کر ان کی اطاعت کرنا کرنا لازم ہے، جب تک وہ اسۓ گناہ کا حکم نۓ دیں یا ایسی چیز کا مکلف نۓ بنائیں جس کی وہ طاقت نۓ رکھتا ہو، اگرچۓ یہ اس پر کسی وقت گراں گزرۓ یا اس کۓ کسی حق کۓ ضائع ہونۓ کۓ سبب بنۓ، اس لیۓ کہ عمومی مصلحت خصوصی مصلحت پر مقدم ہے

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/6368